## قائد تحریک کی ہدایت پر عوام کے مسائل کے حل کیلئے حق پرست اراکین پارلیمنٹرین 24 گھنٹے خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں موجود رہیں گے، رابطہ کمیٹی

## عوام سے گذارش کی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد آکر حق پرست نمائندوں سے براہ راست رجوع کر سکتے ہیں

کراچی۔۔۔۔19 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد عوام کے مسائل کے حل کیلئے روزانہ کی بنیاد پر 24 گھنٹے کھلا رہے گا جہاں تمام حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، مشیران، سینیٹرز اور اراکین قومی وصوبائی اسمبلی شفٹوں میں ہمہ وقت موجود رہیں گے اور عوام کے مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کرینگے۔ عوام سے گذارش ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے خورشید بیگم سیکریٹریٹ آکر حق پرست نمائندوں سے براہ راست رجوع کرسکتے ہیں یا بذریعہ فون نمبر 021-36313690-36329900 فیکس نمبر 021-36808387 یا پھر complaints@mqmpakistan.org پر بھی ای میل کے ذریعے رجوع کرکے اپنے مسائل سے آگاہ کرسکتے ہیں۔

## انگلینڈ کے خلاف کرکٹ ٹیسٹ میں شاندار کامیابی پر پاکستانی ٹیم کو ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی مبارکباد

## ٹیم نے پاکستان کو شاندار کامیابی سے ہمکنار کر کے پوری قوم کو ایک بڑا تحفہ دیا ہے جس پر ٹیم کا ایک ایک کھلاڑی زبردست مبارکباد اور خراج تحسین کا مستحق ہے۔ الطاف حسین

لندن:۔۔۔19 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے انگلینڈ کے خلاف دبئی میں ہونے والے کرکٹ ٹیسٹ میں پاکستانی ٹیم کی شاندار کامیابی پر پاکستانی ٹیم کے کپتان سمیت تمام کھلاڑیوں کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستانی ٹیم نے کھیل کے ہر شعبہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور پاکستان کو شاندار کامیابی سے ہمکنار کر کے پوری قوم کو ایک بڑا تحفہ دیا ہے جس پر ٹیم کا ایک ایک کھلاڑی زبردست مبارکباد اور خراج تحسین کا مستحق ہے۔ انہوں نے شاندار کامیابی پر پاکستانی ٹیم کے کوچ، مینیجر اور تمام آفیشلز کو بھی مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ پاکستانی ٹیم آئندہ بھی اسی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

## ملک وقوم کی ترقی اور باشعور صحت مندانہ معاشرے کی تشکیل کیلئے صحت اور تعلیم کی سہولیات انتہائی ضروری ہیں، رؤف صدیقی

## ایم کیوایم گزشتہ 64 برسوں سے فرسودہ جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ، وڈیرانہ نظام اور دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے

## اے پی ایم ایس او کے تحت منعقدہ دوروزہ کتب میلے کے اختتامی روز صحافیوں سے گفتگو

کراچی:۔۔۔۔ 19 جنوری۔۔۔ 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک یا قوم کی ترقی کیلئے صحت اور تعلیم کی سہولیات ہونا انتہائی ضروری ہوتا ہے جس سے ایک باشعور صحت مندانہ معاشرہ جنم لیتا ہے، بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے کارکنان کو ہمیشہ حصولِ علم کا درس دیا اسی لیے علم کا حصول قائد تحریک الطاف حسین کے فلسفے کا اہم ستون ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے ذیلی سماجی ادارے اکیڈمک اینڈ سوشل سرکل اور جامعہ این ای ڈی کے تحت منعقدہ دوروزہ کتب میلے کے اختتامی روز میڈیا سے بات کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے وائس چیئرمین راحیل احمد، وائس چیئرپرسن اسریٰ طفیل، جوائنٹ سیکریٹری اناخان، مرکزی نشرو اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر، فنانس سیکریٹری امر قائم خانی، اراکین مرکزی کابینہ احمر فلسطینی شہباز غوری، کاشف جاگیرانی، عمران اعظم گاڈی، اور سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران کے علاوہ طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد موجود تھی۔ انھوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد منظم جماعت ہے جو گزشتہ 64 برسوں سے عوام کے حقوق کے حصول، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ، وڈیرانہ نظام اور دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمے کے لیے نہ صرف جدوجہد بلکہ عملی اقدامات بھی کررہی ہے۔ انھوں نے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا اور اے پی ایم ایس او کے تحت لگائے جانے والے دوروزہ کتب میلے کے کامیاب انعقاد پر اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کتب میلے کو پاکستان میں تعلیم کے فروغ کا اہم سنگ میل قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او نے بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق ہمیشہ علم دوست سرگرمیوں کو پروان چڑھایا ہے اور ملک بھر کے طلبہ وطالبات کو ایسے مواقع فراہم کیے ہیں کہ جہاں وہ اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں۔ قبل ازیں سابق وفاقی وزیر مواصلات شمیم صدیقی نے بھی کُتب میلے کا دورہ کیا۔

## سکھر میں 20 رجنوری کو ملتوی ہونیوالا جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' نئی تاریخ کے مطابق 27 جنوری 2012ء کو ہوگا

### رابطہ کمیٹی کی جانب سے جلسہ عام کی نئی تاریخ کے اعلان سے سندھ کے عوام وایم کیوایم کے کارکنان میں خوشی کی لہر

### سکھر سمیت اندرون سندھ کے تمام زونوں میں جلسے کی تیاریاں زوروشور سے شروع کردی گئیں

کراچی ۔۔۔ 19 رجنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 20 جنوری کو ملتوی ہونیوالا جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' اب نئی تاریخ کے ساتھ اسی جوش وجذبے سے 27 رجنوری 2012ء کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہوگا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین انتہائی اہم ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ایم کیوایم کے اعلامیے کے مطابق ملک کی صورتحال کے پیش نظر 20 رجنوری کو ملتوی ہونیوالا جلسہ عام ''خوشحال سندھ ، مضبوط پاکستان'' نئی تاریخ کے مطابق جمعہ 27 رجنوری 2012ء کو سابقہ جگہ اور مقررہ وقت پر سکھر میں ہوگا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے جلسہ عام ''خوشحال سندھ مضبوط پاکستان'' کی نئی تاریخ کے اعلان سے سندھ کے عوام بالخصوص ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اوران کی جانب سے ایک بار پھر زوروشور سے جلسہ عام کی تیاریوں کا آغاز کردیا گیا ہے۔

## حق پرست قیادت نے انسانی جسم واعضاء کی غیر قانونی خرید وفروخت کے حوالے سے بل 2012ء قومی اسمبلی میں پیش کردیا

### ترمیمی بل میں انسانی جسم اوراعضاء کے کاروبار، بعدازمرگ قبرستانوں میں خواتین کی بے حرمتی کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے تجاویز پیش

اسلام آباد۔۔۔19 رجنوری 2012ء

حق پرست قیادت نے انسانی جسم واعضاء کے غیر قانونی خرید وفروخت کے حوالے سے بل 2012ء قومی اسمبلی میں پیش کردیا ہے بل میں دوشقوں میں ترمیمی کی درخواست کی گئی ہے جس کے مطابق شیق A-297 میں ترمیم کرکے فرد جرم عائد ہونے پر سات سال قید بامشقت جبکہ B-297 میں دس سال قید کی سزا تجویز کی ہے،شیق A-297 میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی خرو ید وفروخت یا بے حرمتی کرنا شامل ہے جبکہ B-297 میں انسانی اعضا کو پکا کر کھانا شامل ہے۔ترمیمی بل ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی فیصل کریم کنڈی کی اجازت سے پیش کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران حق پرست قیادت کی جانب سے پیش کیے گئے انسانی جسم واعضاء کی خرید وفرخت اور بعدازمرگ قبرستانوں میں خواتین کی بے حرمتی کے واقعات کی روک تھام کے حوالے ترمیمی بل میں قانون سازی کیلئے تجاویز پیش کی گئی ہے۔ترمیمی بل حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین ، سفیان یوسف،ڈاکٹر ایوب شیخ،شیخ صلاح الدین اور محترمہ عمرانہ سعید جمیل سمیت دیگر نے پیش کیا اور قومی اسمبلی میں تعزیرات اسلامی جمہوریہ پاکستان 1860ء اور ضابطہ فوجداری 1898ء میں ترمیم کرنے کی تحریک پیش کی۔اس موقع پر سفیان یوسف نے قومی اسمبلی سے خطاب میں کہا کہ اس بل کی ضرورت اس لئے زیادہ ہے کہ انسانی جسم اور اعضاء کا کاروبار چل رہا ہے اور بعدازمرگ قبرستان میں مردہ خواتین کی بے حرمتی کے واقعات سامنے آئے ہیں ان کی روک تھام کرنے کیلئے قانون سازی کی جارہی ہے تاکہ ان واقعات میں ملوث درندہ صفت افراد کو قرار واقعی سزادی جائے۔ایم کیوایم کی جانب سے پیش کیے گئے بل کی اراکین اسمبلی نے بھرپور حمایت کی اور بل پیش کرنے پر آج کے دن کو تاریخی دن قرار دیتے ہوئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور حق پرست قیادت کا شکریہ ادا کیا۔

## جناب الطاف حسین پاکستان میں جمہوریت اور مملکت کے تمام ستونوں کے درمیان اتحاد کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں،ایم کیوایم سکھر زون

### یوسی 9 پرانہ سکھر میں پرچم کشائی کی تقریب کے موقع پر کارکنان سے اظہارِ خیال

### حق پرست اراکین سندھ اسمبلی بلقیس مختار اور زرین مجید نے ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج واراکین کے ہمراہ

### حضرت صدرالدین بادشاہؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی

سکھر:۔۔۔19 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے جوائنٹ زونل انچارج سید ابوالکلام شاہ، زونل ممبر آفتاب الدین اور طاہر بندھانی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان میں جمہو ریت اور مملکت کے تمام ستونوں کے درمیان اتحاد کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 9 پرانہ سکھر میں پرچم کشائی کی تقریب کے موقع

پر کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر یوسی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ سچ اورحق کی جنگ لڑی ہے جس کی بدولت آج تحریک کا نظریہ ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین اس ملک کے واحد رہنما ہیں جو تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو پاکستان کی سالمیت کی خاطر آپس کے اختلافات کوفراموش کر کے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا ہر کارکن مشکل اور برُے حالات میں اپنی عوام کے ساتھ ہے اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان محترم قائدتحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے تحت ذاتی انا کوفنا،ذاتی مفادات کوپس پشت ڈال کرانفرادی سوچ کے بجائے اجتماعیت کے فروغ کیلئے جدوجہد کرتے ہیں۔دریں اثناءحق پرست اراکین سندھ اسمبلی بلقیس مختار اور زرین مجید نے ایم کیوایم سکھرزون کے انچارج محمد قطب الدین ،اراکین زونل کمیٹی کے ہمراہ حضرت صدرالدین بادشاہؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی۔بعدازاں انہوں نے ملک کی بقاءوسلامتی ،دہشت گردی کے خاتمے،ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے،شہداء کی مغفرت،اسیروں کی رہائی،لاپتہ ساتھیوں کی واپسی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت تندرستی کیلئے اجتماعی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن اخلاق حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔۔19جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن اخلاق حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن دکھ اورافسوس کی گھڑی میں آپ کے غم میں برابر کے شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)دریں اثناء جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم عمرکوٹ زون کے کارکن گنیش کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔۔19جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ82 کے کارکن فیضان خان کے والد منظورخان،ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ169 محمد عبید توحید کے والد محمد توحید،فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹA-153 کے کارکن عماد کے والد عبدالحمید،یونٹ145 کے کارکن جاوید علی کے والد اصغرعلی،ایم کیوایم لائیز ایریا سیکٹر یونٹ52 کے کارکن ثاقب شہید کے بھانجے احسن کمال،یونٹ197 لائیز ایریا کے کارکن سمیرا اقبال کی والدہ سلمیٰ بیگم،آئی لینڈ سیکٹر بابا بھٹ یونٹ کے کارکن یاسر کے والد صالح محمد،ایم کیوایم سکھرزون یونٹ7 کے فنانس سیکریٹری محمد الیاس کی والدہ رابعہ بیگم،ایم کیوایم ملتان زون ڈسٹرکٹ لودھراں کمیٹی کے رکن اسلم بخاری کی والدہ مہر بی بی گوجرانوالہ زون کے ڈسٹرکٹ گجرات کے انچارج نوید صادق ملک کے والد محمد صادق ملک اور بدین زون گولائی سٹی یونٹ کمیٹی کے انچارج عبدالرحمٰن بروہی کی ہمشیرہ اور یونٹ کمیٹی کے رکن حسین بلاول کی اہلیہ محترمہ شہر بانو کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم ہری پور زون کی تنظیم نو،دس رکنی زونل کمیٹی کے ناموں کا اعلان

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ ایم کیوایم کے پیغام کی صورت میں ملک بھر میں پھیل رہا ہے،اسلم شاہ آفریدی

## ہری پور زون میں ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

ہری پور۔۔۔۔19جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے ہری پور زون کی تنظیم نو کرتے ہوئے زونل انچارج اور جوائنٹ زونل انچارج سمیت دس رکنی زونل کمیٹی کے ناموں کا اعلان کردیا جس کے مطابق ہری پور زون کے نئے زونل انچارج فرحت نواز اور جوائنٹ زونل انچارج لیاقت حیات اور آٹھ ممبران شامل ہیں۔اس سے قبل ایم کیوایم کی جانب سے ہری پور میں ایم کیوایم کے

جنرل ورکرز اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں تمام ڈسٹرکٹس وٹاؤن کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔اجلاس میں کشمیر خیبر پختونخواہ ، گلگت بلتستان کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم شاہ آفریدی ، رکن ظفر اقبال کے علاوہ دیگر مقررین نے بھی خصوصی شرکت کی اور ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔جنرل ورکرز اجلاس میں ناموں کا اعلان کرتے ہوئے اسلم شاہ آفریدی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ پیار ومحبت اور امن کا درس دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ایم کیوایم کے پیغام کی صورت میں ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور غیور عوام اپنے حقوق کے حصول کیلئے جوق در جوق ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم پر ملک دشمنی ، غداری اور دہشت گردی جیسے سنگین الزامات لگائے گئے تاہم جناب الطاف حسین نے اپنے عمل وکردار سے ان تمام الزامات کو جھوٹا ثابت کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی پرامن جماعت ہے جس نے مظلوم ومحکوم عوام میں شعور پیدا کیا اور انہیں ایک پلیٹ فارم پر متحد ومنظم کیا۔انہوں نے ہری پور زونل کمیٹی کے نومنتخب زونل انچارج ، جوائنٹ زونل انچارج اور آٹھ رکنی کمیٹی کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے نومنتخب عہدیداران کو جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی اور کہا کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے کو زیادہ پھیلانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اجلاس سے دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے کے بارے میں کارکنان کو آگاہی فراہم کی۔

## وسیب کے عوام جلد سرائیکی صوبہ کے قیام کی خوشخبری سنیں گے ، رائے خالد محمود

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جو کہا پورا کر دکھایا ، سرائیکی وسیب کی محرومیاں دور کریں گے

## متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے انچارج کی سرائیکستان یوتھ فورس کے چیئر مین اور صدر سے بات چیت

ملتان۔۔۔۔19 جنوری، 2012ء

وسیب کے عوام جلد سرائیکی صوبہ کے قیام کی خوشخبری سنیں گے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جو کہا پورا کر دکھایا ، سرائیکی وسیب کی محرومیاں دور کریں گے ، فرسودہ نظام کی تبدیلی کی جدوجہد جاری رہے گی ، ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود نے زونل آفس ملتان میں سرائیکستان یوتھ فورس کے چیئر مین رضوان خان اور صدر میاں محمد عامر سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سرائیکی صوبہ کے قیام کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے پیش کیا جانا والا 20 واں آئینی ترمیمی بل بھاری اکثریت سے قومی اسمبلی سے پاس ہوگا ، سرائیکی وسیب میں عرصہ دراز سے اقتدار پر مسلط بڑے بڑے جاگیرداروں اور وڈیروں نے عوام کو محرومیوں کے سوا کچھ نہیں دیا اور اب مختلف سیاسی جماعتوں میں بیٹھے یہ جاگیردار اور وڈیرے خوف میں مبتلا ہیں کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے اور باشعور نوجوانوں کو ٹکٹ دے گی تو ان کا کیا ہوگا ، اسی خوف سے وہ سرائیکی صوبہ کی بھی مخالفت کررہے ہیں۔سرائیکستان یوتھ فورس کے چیئر مین وصدر نے سرائیکستان اور اس کے عوام کی محروموں کو دور کرنے کے لئے عملی جدوجہد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پر جوائنٹ انچارج رانا ابوبکر اقبال ، ڈاکٹر اکرم علی ، عمران گاڈی ، فرخندہ کاظمی ، زونل ممبران راشد ہاشمی ، کلیم زبیر ، جاوید حیدر ، قیصر عباس کھیڑا ، قاسم رضوی ، نعیم ارشد ، علی عمران سہروردی ، مستنصر سہیل بھی موجود تھے

☆☆☆☆☆

## قائدتحریک الطاف حسین نے ملک پر قابض موروثی سیاست کا جڑ سے خاتمہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی، ایم کیوایم حیدرآباد

حیدرآباد:۔۔۔19،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے کہاہے کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ملک میں موروثی سیاست اورفرسودہ نظام کی تبدیلی کی بنیاد ڈالی جوانقلاب کا پیش خیمہ بن کرابھری۔اپنے ایک بیان انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ملک پر قابض موروثی سیاست کا جڑ سے خاتمہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کی بنیاد رکھی اورمتحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جو جاگیردارانہ،وڈیرانہ،سرمایہ دارانہ اوراس ملک میں رائج موروثی سیاست کے خلاف عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہاکہ موروثی سیاست نے ملک کوتباہی کے دہانے پہنچادیاہے جس کی وجہ سے آج ہمارے ملک میں معاشی بدحالی،بے روزگاری عروج پر ہے اوران سے نجات قائدتحریک جناب الطاف حسین کےنظریہ پرعمل پیراہوکرہی ہم حاصل کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے اپنےعمل وکردار سے یہ ثابت کردیکھایاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ 98% فیصد غریب متوسط طبقہ سےتعلق رکھنے والوں کی جماعت ہےایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندے غریب متوسط طبقہ سےتعلق رکھتے ہیں جوترجیحی بنیادوں پرغریب عوام کے مسائل حل کررہے ہیں اور یہ وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی بڑتی ہوتی مقبولیت اس ملک میں انقلاب کا پیش خیمہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کوترقی کی راہ پرگامزن کرنے اورعوام کی فلاح و بہبود کیلئے ہمیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیراہونا ہوگا اسی میں ملک وقوم کی بقاء وسلامتی اورآنے والی نسلوں کے بہترمستقبل وابستہ ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت درحقیقت کارکنان کی بیش بہا قربانیوں کے طفیل ہے،سیّد محمد علی شاہ
## ٹنڈوالہ یارزون یونٹ A-4 میں پرچم کشائی کی تقریب کے دوران کارکنان سے گفتگو

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔19،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یارزون کے انچارج ایم کیوایم سید محمد علی شاہ نے کہاہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے مشن مقصد کے حصول کیلئے ہزاروں حق پرست کارکنان اپنی جانوں کےنظرانے دیکرتاریخ رقم کی ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے ٹنڈوالہ یارزون یونٹ A-4 میں پرچم کشائی کی تقریب کے دوران کارکنان سے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم قائم خانی،اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم،ثاقب احمد خانزادہ،مقبول حسین اوڈھواورراشدعلی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست کارکنان نے دربدری،قیدوبندکی صعوبتیں اوراوراپنی جانوں کی قربانیاں پیش کرکے بھی تحریکی نظریئےکودوام عطا کیا۔ملک کےکونے کونے میں متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت درحقیقت کارکنان کی بیش بہا قربانیوں کےطفیل ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریکی پرچم کا تقدس برقراررکھنا ہرکارکن کا بنیادی فرض ہے۔کارکنان اپنے کرداراورعمل کوقائدتحریک الطاف حسین کی تعلیمات کےسانچے میں ڈھال کرپیغام حق پرستی کےفروغ کا باعث بن سکتے ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ ملک بھرمیں منظّم ومتحد ہےاورغریب ومتوسط طبقے کےحقوق کےحصول کیلئے ہرسطح پرعملی کوششیں جاری رکھے گی،
## ایم کیوایم میرپورآزادکشمیرزون

میرپورآزادکشمیر:۔۔۔۔19جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورآزادکشمیرزون کے جوائنٹ انچارج محمد مدثر صادق،عثمان ملک،چودھری فضل الرحمان،راجہ اضرارعطا،سیداسدعلی نقوی،محمود حسین صدیقی نے سعودی عرب میں پاکستان کے سابق سفیرعمرعلی خانشیرزئی کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پرانہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی شمولیت سے ثابت ہوگیا کہ ایم کیوایم ملک بھرمیں بھرپورانداز میں منظّم ومتحد ہورہی ہےاورتنظیم کے ذمہ داران وکارکنان قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام گھرگھرپہنچانے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں،ایم کیوایم ملک کے دوسرےصوبوں کےساتھ ساتھ آزادکشمیروگلگت بلتستان میں بھی بڑی سیاسی قوت بن کرابھرے گی اورغریب ومتوسط طبقے کےحقوق کےحصول کے لیے ہرسطح پرعملی کوششیں کرتی رہے گی کیونکہ ایم کیوایم کا منشورہی پسے ہوئےعوام کےحقوق دلوانا اوران کا معیارزندگی بلند کرنا ہےجس کیلئے قائدتحریک جناب الطاف کی قیادت میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان برسرپیکار ہیں،ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے کہ جوصحیح معنوں میں 98 مظلوم اوراستحصال کے شکارعام عوام کے مسائل کوناصرف سمجھتی ہے بلکہ ان کےمکمل حل کے لیے ہرپلیٹ فارم پراپنی آوازبلندکرنے کےساتھ ساتھ عملی جدوجہد میں مصروف ہے

## ایم کیوایم 98 فیصد عوام کے لیے صرف آواز ہی بلند نہیں کرتی بلکہ مسائل کے حل کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتی ہے، سلیم بٹ

میرپور آزاد کشمیر۔۔۔۔19 جنوری، 2012ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے رکن اسمبلی وسابق ڈپٹی اسپیکر محمد سلیم بٹ کی جانب سے 15 جنوری کو ہونے والے اجلاس میں میرپور شہر میں سیوریج و پانی کی نئی لائنیں بچھانے کے بعد سڑکوں کی مرمت نہ کرائے جانے پر توجہ دلاؤ نوٹس کے ذریعے حکومت کو توجہ دلائی تھی جس پر 19 جنوری سے .P.M.U نے سڑکوں کی مرمتی کا کام شروع کردیا ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم زونل انچارج افتخار کھوکھر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا منشور عوام کے مسائل حل کرنا اوران کا معیار زندگی بلند کرنا ہے۔ایم کیوایم کے کارکنان کو جب بھی عوام کی خدمت کا موقع ملا انہوں نے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا اوریہی وجہ ہے کہ آج تعلیم یافتہ، باشعور اورقوم کا درد رکھنے والے جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریکجناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ عوام میں بے پناہ مقبولیت حاصل کررہا ہے کیونکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم 98 فیصد عوام کے لیے صرف آواز ہی بلند نہیں کرتی بلکہ ہر ہر سطح پر عوامی مسائل کے حل کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا رکن اسمبلی محمد سلیم بٹ نے میرپور کی تباہ شدہ سڑکوں کی مرمتی کیلئے اسمبلی فلور پر توجہ دلاؤ نوٹس کے ذریعے حکومت کی توجہ دلائی تھی جس کے نتیجہ میں 19 جنوری سے .P.M.U نے سڑکوں کی مرمت کا سلسلہ شروع کردیا ہے جس پر حکومتی وزیر پرویز اشرف اوررکن اسمبلی محمد سلیم بٹ کا شکریہ ادا کرتے ہیں

## منگلا ڈیم توسیع پیکج کے تحت میرپور میں واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے منصوبے کی عدم تکمیل افسوس ناک ہے، طاہر کھوکھر
## شہریوں کے ایک وفد سے بات چیت

میرپور آزاد کشمیر:۔۔۔۔19، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ منگلا ڈیم توسیع پیکج کے تحت میرپور میں واٹر سپلائی اور نکاسی آب کے منصوبے کی عدم تکمیل افسوس ناک ہے۔منصوبہ مکمل نہ ہونے کی وجہ سے شہر کی سڑکوں پر دوسال قبل کی گئی کھدائی سے شہری مشکلات کا شکار ہیں۔متعلقہ اداروں کی غفلت کا معاملہ آئندہ کابینہ اجلاس میں اٹھایا جائے گا۔متاثرین منگلا ڈیم کی بحالی وآبادکاری حکومت کی اولین ترجیح ہے اس سلسلے میں کوتاہی برتنے والے اداروں افسران کے خلاد سخت تادیبی کاروائی کی جائے گی۔یہ بات انہوں نے شہریوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ میرپور شہر ریاست کو سب سے زیادہ ریونیو دینے والا شہر ہے مگر متعلقہ اداروں کی غفلت کی وجہ سے شہر میں سڑکیں، واٹر سپلائی اور نکاسی آب کا نظام تباہی سے دوچار ہے۔منگلا ڈیم توسیع پراجیکٹ کے فنڈز بروقت نہ ملنے کی وجہ سے اکثر منصوبے عدم تکمیل کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ فنڈز کی قلت کے حوالے سے وفاقی حکومت کے ساتھ بات چیت کی جائے گی۔شہری اداروں میں تعینات ہونے والے نئے ایڈمنسٹریٹرز شہریوں کو بنیادی سہولیات کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں۔

## شہید پریس کلب میرپور کے نومنتخب صدرودیگر عہدیداران کو آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر طاہر کھوکھر کی مبارکباد

میرپور آزاد کشمیر:۔۔۔۔19 جنوری 2011 ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے نبیل شہید پریس کلب میرپور کے نومنتخب صدر چوہدری امجد حسین، چیرمین مشاورتی بورڈ شاہ نواز خان، سرپرست اعلیٰ چوہدری عبدالرزاق نیازی، سینئر نائب صدر چوہدری محمد الیاس، سیکرٹری جنرل غفور حسین مصطفوی، سیکرٹری مالیات راجہ عرفان صادق، سیکرٹری نشرواشاعت خالد محمود مغل، نائب صدراول راجہ اختر محمود، نائب صدر دوم راجہ ذولفقار اکرم اور نائب صدر دوم امجد شہزاد سیٹھی اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل وحید مغل کو مبارکباد پیش کی ہے اوراس امید کا اظہار کیا ہے نومنتخب عہدیداران ریاست میں مثبت اورتعمیری صحافتی سرگرمیوں کے فروغ کے علاوہ صحافیوں کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اورآزادی اظہار رائے کے تحفظ کے لیے بھرپور اقدامات کریں گے۔

☆☆☆☆☆